منصفانہ ہاؤسنگ
ان لوگوں کے لیے جو معذور ہیں

The Housing Center
Housing Research & Advocacy Center

The Housing Center
Housing Research & Advocacy Center

3631 Euclid Avenue, Suite 200
Cleveland, Ohio 44115
Phone: (216) 361-9240
Fax: (216) 426-1290
Email: info@thehousingcenter.org
www.thehousingcenter.org

MEMBER OF GREATER CLEVELAND COMMUNITY SHARES

یہ پمفلٹ معلومات کی تشہیرکے لیے ہے. اس پمفلٹ میں موجود چیزوں پر قانونی مشورہ کی حیثیت سے بھروسہ نہیں کرنا چاہئے، اور نہ ہی اس پمفلٹ سے ایک وکیل اور موکل کا رشتہ قائم ہوتا ہے۔

فنڈنگ فراہم کی گئی ہے
امریکی محکمہ برائے رہائش اور شہری ترقی کی طرف سے

© 2012 ہاؤسنگ ریسرچ اور وکالت سنٹر

ہمارا مشن

ہم منصفانہ ہاؤسنگ اور متنوع کمیونٹیز کو فروغ دینے، اور مؤثر تحقیق، معلومات فراہم کرنے اور وکالت کرنے کے ذریعے شمال مشرقی اوہائیو میں ہاؤسنگ میں امتیازی سلوک کے خاتمے کے لیے کام کرتے ہیں۔

سنہء 1983 کے بعد سے، ہاؤسنگ سینٹر نے شمال مشرقی اوہائیو کے باشندوں کے لئے رہائش اور متنوع کمیونٹیز تک مساوی رسائی کو فروغ دیا ہے :

ریسرچ

- منصفانہ ہاؤسنگ میں حائل رکاوٹوں کا تجزیہ
- کمیونٹی کے قرضوں پر مبنی فیکٹ بک
- مقامی قبضے کے کوڈز پر رپورٹیں
- اوہائیو میں رہن پر قرض دینے کے لیے نسلی اور گروہی تفاوت
- دماغی طور پر معذور لوگوں کے لئے رہائش حاصل کرنے اور اسکی مستقل فراہمی کا کام
- مکان مالکان کے لیے تربیتی کتابچے، اور
- ریاست شمال مشرقی اوہائیو میں منصفانہ ہاؤسنگ کی حالت

تعلیم اور پہنچ

- ہاؤسنگ کے پیشہ ور افراد کی تربیت
- انگریزی اور ہسپانوی میں ہاؤسنگ خریداروں اور کرائے داروں کے لئے پروگرام
- کمیونٹی کے فنگشنز کے لئے "سٹریٹ ٹیمیں"
- بیورو کے مقررین پریزنٹیشنز کے لئے دستیاب
- بروشر انگریزی ہسپانوی اور عربی میں تیار کرنا

نفاذ

- مانیٹرنگ کرنا: کرائے داروں کی ، فروخت کی، مالک مکان کے لیے انشورنس کی ، اور قرض دینے والوں کی امتیازی پالیسیوں کی

وکالت

- موثر منصفانہ ہاؤسنگ قوانین تجویز اور نافذ کرنا
- گریٹرکلیو لینڈ منصفانہ ہاؤسنگ کنسورشیم کی مدد کرنا
- قومی، ریاستی اور مقامی اداروں کے ساتھ تعاون

- کرائے دار کے مددگار کے طور پر کسی کو عمارت میں رہنے کی اجازت دینا
- ایک معذور کرایہ دار کو فیس چارج کیے بغیر ایک عمارت سے دوسری میں منتقلی ہونے کی اجازت دینا. جیسے ایک میں لفٹ نہ تھی مثلاً تیسری منزل وغیرہ سے پہلی منزل کےایک اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے کی اجازت دینا.

مناسب ترامیم:

ایک مالک مکان کو معذور افراد کو ان کے گھر یا عام استعمال کے کمروں میں مناسب تبدیلیاں کرنے کی اجازت دینا ہوگی اگر یہ ضروری ہو تاکہ وہ اس گھر سے مکمل طور پر لطف اندوز ہو سکیں۔ ترمیم عام طور پر کرایہ دار کے خرچے پر کی جانی چاہیے اور کسی بھی وقت کی جا سکتی ہیں. درخواست کا مناسب ہونا ضروری ہے، اور مالک مکان کہہ سکتا ہے کہ کرایہ دار کو مکان خالی کرتے وقت اس کی اصل حالت پر لوٹانا ہوگا. مناسب ترامیم کی مثالوں میں شامل ہیں:

- چوڑے دروازے
- غسل خانوں میں پکڑنے کے لیے ہینڈل لگانا
- وہیل چیئر کے لیے ریمپ بنانا
- کائونٹر کی اونچائی کم کرنا
- ایک خود کار طریقے بند ہونے والے نل کا نصب کرنا

- قرض دینے یا قرض خریدنے سے انکار
- رہن کے قرض یا مکان مالک انشورنس کے بارے میں معلومات فراہم کرنے سے انکار
- مکان مالک یا کرائے دار کی انشورنس فراہم کرنے سے انکار
- سود کی شرح یا فیس کے طور پر ایک خاص قرض پر مختلف شرائط یا کیفیات عائد کرنا
- جائیداد کی قیمت لگانے میں امتیازی سلوک
- ہاؤسنگ کی دستیابی سے جھوٹا انکار
- مالک مالکان پر فروخت کرنے کے لئے یا کرایہ پر دینے کے لیے غیر ضروری دبائو
- ایسا بیان یا اشتہار بنانا جس سے پتہ چلتا ہو کہ کسی خاص معذوری کی بناء پر روک لگائی جائے گی یا کسی خاص گروہ کو ترجیح دی جائے گی
- معذوری کی نوعیت یا اسکے ہونے کے بارے میں میں کوئی پوچھ گچھ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ (مالک مکان معذوری کا ثبوت طلب کر سکتا ہے تاکہ رہائش گاہ میں مناسب تبدیلیاں اور آسانیاں پیدا کر سکے۔)

مذید حفاظتیں

مناسب گنجائش:

ایک ہاؤسنگ فراہم کرنے والا قوانین، پالیسیوں، یا خدمات میں مناسب گنجائش دے سکتا ہے

اگر ایک معذور شخص کے لئے ضروری ہو تاکہ وہ اس گھر سے :صحیح معنوں میں لطف اٹھا سکے، مثلاً

• اگرچہ اس گھر میں پالتو جانور رکھنے کی اجازت نہ ہو پھر بھی پالیسی کے باوجودمعذور شخص کی مدد کے لیے پالتو جانور رکھنے کی اجازت دینا

• ایک معذور کرایہ دار کو آسانی لے لیے مخصوص آسان پارکنگ کی جگہ دینا

کس کو معذور سمجھا جاتا ہے؟

وفاقی اور ریاستی منصفانہ ہاؤسنگ قوانین معذوری کی بنیاد پر ہاؤسنگ میں امتیازی سلوک کی ممانعت کرتے ہیں. آپ کو منصفانہ ہاؤسنگ قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے اگر آپ (یا آپ کے ساتھ رہنے والے یا آپ سے منسلک کسی):

• فرد کو جسمانی یا ذہنی معذوری ہے جس نے ان کی زندگی کی ایک سرگرمی کو یا کافی سرگرمیوں کو محدود کر دیا ہے، یا

• ایسی معذوری رکھنے کا ایک ریکارڈ ہے، یا

• ایسی معذوری رکھنے والے افراد کے طور پر شمار کیے جاتے ہیں

معذوریوں میں شامل ہیں، لیکن ہم محض ان تک محدود نہیں کر رہے ہیں:

• سننے کی، نقل و حرکت کرنے کی، اور بصری معذوری
• کینسر
• دائمی ذہنی بیماری
• ایڈز / ایچ آئی وی
• نشونما سے منسلک معذوری
• شراب یا ماضی میں منشیات کا استعمال

رسائی کے تقاضے

13 مارچ، 1991 کے بعد تعمیر کی گئی کچھ کثیرالخاندان عمارتیں جن کو کرائے پر دینا مقصود ہے، ان کو منصفانہ ہاؤسنگ ترامیم ایکٹ، امریکیوں کے معذوری ایکٹ اور مقامی عمارت کوڈز کے مطابق معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہونا ضروری ہے۔ مذید معلومات کے لئے، ہاؤسنگ سینٹر سے رابطہ کریں.

کیا ممنوع ہے؟

یہ تمام کاروائیاں غیر قانونی ہیں اگر ان کو ایک شخص کی معذوری کی بنیاد پر کیا جا رہا ہے:

- کرائے پر دینے سے انکار، فروخت سے انکار، یا رہائش کے لیے گفت و شنید سے انکار
- مختلف لوگوں کے لیے مختلف طرح کے قواعد، طور طریقے، استحقاق، یا مختلف قسم کی خدمات فراہم کرنا، سہولیات تک رسائی، یا ہاؤسنگ کی فروخت یا کرائے پر دینے سے متعلق ایک سہولت یا سروس کی رکنیت
- ہاؤسنگ کو غیر دستایب ظاہر کرنا یا اور کسی طریقے سے انتخاب کو محدود کرنا

مدد کے لیے کہاں جائیں؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ نسل، قومی شناخت، مذہب، جنس، رنگ، خاندانی حیثیت، معذوری، فوجی حیثیت، نسب، یا کسی اور وجہ سے ہاؤسنگ امتیازی سلوک کا شکار ہو رہے ہیں، تو مدد کے لیے ہاؤسنگ ریسرچ اینڈ وکالتی مرکز سے216-361-9240 پر رابطہ کریں۔

آپ 1-888-278-7101 پر یا آن لائن www.crc.ohio.gov پر آن لائن، یا مکانات و شہری ترقی (HUD) امریکی محکمہ میں اوہائیو سول رائٹس کمیشن سے رابطہ کر سکتے .www.hud.gov پر

سماعت کی معذوری والے افراد 1-800-927-9275 کو فون کریں. ایچ یو ڈی بھی ترجمانوں، ٹیپ، اور بریل مواد کے ذریعے ایچ یو ڈی فارم پڑھنے اور مکمل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔